1989ء سے مسلسل اشاعت | 11 فروری تا 17 فروری 2022 | شمارہ نمبر 7 | جلد نمبر 34

MC - 547 Price Rs. 70/-

# ہفت روزہ پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز وایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Genlune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper<br>Bulleh Shah ( Packages )<br>Crown ( Fazal Paper )<br>Chenab ( A.K Ind. ) | Offset Paper<br>Bleached Board<br>Art Card |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD
Little Star
Bleach Board

pindo deli
paper products

Indah Kiat
Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC
SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of
Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp
بزنس مین پینل

BMG
بزنس مین گروپ





کراچی و لاہور میں خدمت کے 12 سال

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

pindo deli
paper producs

IBM™
PAKISTAN




## SELF ADHESIVE STICKER PAPER
## INDONESIA

**Today, Labelstock Products have been used in various industrial sectors, and thus, we're continuously developing new products to meet the market demand for ace labeling, retail outlet labeling, barcode label, and other general end use.**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road, Karachi-74000.
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

indah kiat
pulp & paper Products

# WELCOME TO
## OUR WORLD OF COLOURS



IK GOLD, X-BRITE
IK COPY PAPER



SINARSPECTRA
premium colour paper



spectra color
premium color paper

## PHOTOCOPIER PAPER

SPECTRA COLOR, SINAR SPECTRA, PAPERLINE, BLC, PPC BROWN, PPC BLUE, PPC ORANGE, PAPERLINE 2000

## CAST COATED BOARDS

| | |
|---|---|
| SINAR ROYAL | C2S GRAPHIC BOARD |
| SINAR VANDA | C1S WHITE BACk HIGH-BLUK |
| SINAR PLEX | C1S DUPLEX BOARD GREY BLACK / E-PLEX BOARD |
| SINAR FOLD | C1S WHITE BACK |
| SINAR CARD | C1S DUPLEX BOARD WHITE BACK |



## QURAN PAPER

PREMIUM QUALITY HIGH SMOOTHNESS COLOR PAPER
Sinar Tech



## SINARSPECTRA COLOR CUBE



## FOR BOOKING CONTACT

IBM
ISO 9001:2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
پیپر بزنس کراچی
اشاعت: بروز جمعہ
پبلشر حرا رؤف
نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا
یہ شمارہ 22 رنگین اور 18 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

رابطہ آفس
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سنی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

بانی: محمد رؤف
ایڈیٹوریل بورڈ
پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

چارجز
قیمت: 70 روپے
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 010256027140112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960

# آفسیٹ پیپر و فوٹو کاپی پیپر پر اینٹی ڈمپنگ کے نفاذ کے خلاف اپیلیں عدم پیروی پر خارج

## نئے آنے والے کنسائنمنٹ پر 5 تا 50 فیصد اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی ادا کرنا ہوگی، جن درخواستوں پر جرح مکمل ہوچکی ہے وہ اپیلیں دوبارہ سنی جاسکتی ہیں، محمد سلیم بیکیا

اسلام آباد (پیپر بزنس نیوز) مارکیٹ ذرائع کے مطابق 30 مارچ 2018 کو ان کوٹڈ آفسیٹ پیپر اور فوٹو کاپی پیپر پر 5 مختلف ممالک سے درآمد کئے جانے پر 5 تا 50 فیصد اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی عائد کی تھی اس کے خلاف درآمد کنندگان کی اپیلیں عدم پیروی کے باعث اسلام آباد ہائی کورٹ سے خارج ہوگئی ہیں جس کے بعد حکم امتناعی ختم ہوگیا ہے اور اب 8 فروری 2022 کے بعد درآمد ہونے والے کنسائنمنٹ پر مختلف شرحوں سے اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی کی وصولی شروع ہوجائے گی۔ اس سلسلے میں جب اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی قانون کے ایکسپرٹ آئی بی ایم کے محمد سلیم بیکیا سے رابطہ کیا گیا تو انہوں نے تصدیق کی کہ یہ اپیلیں امپورٹرز کی جانب سے عدم پیروی پر خارج ہوگئی ہیں تاہم جن ممالک اور کمپنیوں کے کیسز پر جرح مکمل ہوگئی تھی وہ اس سلسلے میں عدالت سے دوبارہ رجوع کرسکتے ہیں۔ واضح رہے کہ اس سے قبل امپورٹرز نے 30 مارچ 2018 کو نیشنل ٹیرف کمیشن کی جانب سے آفسیٹ پیپر پر جو اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی عائد کی گئی تھی۔ اس کے خلاف پہلے اینٹی ڈمپنگ اپیلٹ ٹریبونل میں اپیلیں دائر کی تھیں جو 6 اگست 2020 کو مسترد ہوگئی تھیں جس کے خلاف 19 امپورٹرز نے دو علیحدہ علیحدہ درخواستوں کے ذریعے لاہور ہائی کورٹ اور لاہور ہائی کورٹ ملتان بنچ سے حکم امتناعی حاصل کرلیے تھے۔ بعد ازاں مئی 2021 میں ملتان بنچ نے بھی اپیلیں نمٹا دی تھیں اور حکم امتناعی ختم ہوگیا تھا جبکہ لاہور ہائی کورٹ نے یہ کہہ کر یہ درخواستیں نمٹائی تھیں کہ یہ اس کے دائرہ اختیار میں نہیں ہے اور امپورٹرز دو ہفتے میں اسلام آباد ہائی کورٹ سے رجوع کرسکتے ہیں جس پر ان امپورٹرز نے اسلام آباد ہائی کورٹ سے رجوع کیا تھا۔ لاہور ہائی کورٹ ملتان بنچ میں جن امپورٹرز کی اپیلیں مسترد ہوئی تھیں ان پر گزشتہ تین سالوں کی اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی کی وصولی کی تلوار لٹک گئی تھی ان میں اپیل نمبر 51527/2020 میں عسکری لنکج لاہور۔ اسماعیل ٹریڈرز لاہور، عجوہ انڈسٹریز (پرائیویٹ) لمیٹڈ لاہور، ایم ایم ٹریڈرز لاہور، آفس ورلڈ لاہور، جمال اینڈ برادرز لاہور، اور سیدات سنز لاہور شامل تھے۔ جبکہ درخواست نمبر 38710/2020 میں زیڈ اے کارپوریشن لاہور، دی ٹائمز پریس (پرائیویٹ) لمیٹڈ لاہور، ورائٹی پیپر لاہور، گل امپیکس لاہور، ایس اینڈ این ٹریڈنگ لاہور، آئی آر آئی لاہور، پاک پیپ لاہور، ٹریڈ انٹرنیشنل لاہور، سیون سیزن انٹرنیشنل لاہور، اکبری پیپر اسٹور لاہور، راوی اسٹیشنری مارٹ لاہور اور نیاز پیپر مارٹ لاہور شامل ہیں۔ واضح رہے کہ نیشنل ٹیرف کمیشن نے 30 مارچ 2018 کو برازیل پر 35.92 فیصد، چائنا پر 1.90 فیصد، جاپان پر 39.10 فیصد اور تھائی لینڈ پر 1.64 فیصد اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی عائد کی تھی جس کے خلاف یہ اپیلیں دائر کی گئی تھیں اور حکم امتناعی حاصل کرلیے گئے تھے اب دوبارہ سے کروڑوں روپے کی وصولی کے لیے نیشنل ٹیرف کمیشن کارروائی کرسکتا ہے۔ اور کسٹم کو ڈیمانڈ جاری کرنے کے لیے کہہ سکتا ہے۔ یہاں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ اینٹی ڈمپنگ اپیلٹ ٹریبونل نے نیشنل ٹیرف کمیشن کی جانب سے 30 مارچ 2018 کو مختلف ممالک انڈونیشیا چائنا، برازیل، تھائی لینڈ اور جاپان سے درآمد ہونے والے ان کوٹڈ افسیٹ (رائٹنگ، پرنٹنگ) پیپر پر مختلف شرحوں سے عائد کی جانے والی اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی کے خلاف امپورٹرز کی جانب سے دائر کی گئی 12 اپیلوں پر اپنا فیصلہ 6 اگست 2020 کو اوپن کورٹ میں سنایا تھا۔ جس کے تحت ٹریبونل نے امپورٹرز کی تمام اپیلیں خارج کردیں جبکہ برآمد کنندگان (ملز) کی جانب سے دائر کی گئی دونوں اپیلوں کو نیشنل ٹیرف کمیشن کو اس حکم کے ساتھ واپس بھیج دیا کہ قانون کے مطابق اور فریقین کو اپنا موقف پیش کرنے کی مکمل سہولتیں فراہم کرنے کے بعد نیا حکم جاری کرے اس طرح ٹریبونل نے تمام اپیلیں نمٹا دی تھیں۔ ٹریبونل کا یہ فیصلہ تین رکنی بنچ نے 6 اگست کو سنایا جس میں جناب ناصر مسرور احمد (چیئرمین) اور اراکین جناب اطہر سلیم اور سمیہ نظیر صدیقی شامل تھے۔ برآمد کنندگان (ملز) کی جانب سے اپریل انٹرنیشنل انٹرپرائزز پرائیویٹ لمیٹڈ سنگاپور، جبکہ انڈونیشیا کی تین ملوں میسرز

1-PT.IndahKiatPulp&PaperTBK

2-PindoDeliPulp&Paper

3-PTPabrikKertasTJIWIKIMIA-TBK

نے اپیلیں دائر کی تھیں۔ دریں اثنا نیشنل ٹیرف کمیشن نے 9 اگست 2020 کو کسٹم حکام کو فیصلے سے آگاہ کرتے ہوئے اس پر عملدرآمد کے لیے احکامات جاری کئے تھے۔ جس کے نتیجے میں وی بوک سسٹم میں واضح کردیا گیا تھا کہ انڈونیشیا کی چار ایکسپورٹر جن کی اپیلیں منظور ہوئی ہیں ان پر اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی نہ لی جائے جبکہ باقی ممالک جن میں برازیل، تھائی لینڈ، چائنا اور جاپان شامل ہیں کے درآمد کنندگان کا مال جو گیٹ سے باہر نہیں نکلا ہے اس پر اور جو بانڈ میں ہے اس پر مطلوبہ شرح اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی وصول کی جائے اس کے علاوہ ان ممالک کے درآمد ہونے والی سابقہ درآمدت پر بھی اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی کی وصولی کے لیے ڈیمانڈ جاری کرکے وصول کی جائے۔

## کلکٹر اور ایڈیشنل کلکٹر نے توہین عدالت کی کارروائی کے خلاف حکم امتناعی حاصل کرلیا

کراچی (پیپر بزنس نیوز) نیو یا برانڈ کوٹڈ رائٹنگ پرنٹنگ پیپر پر سلمان پیپر پروڈکٹس کی اپیل منظور ہونے پر کسٹم اپیلٹ ٹریبونل کی سنگل اور ڈبل بنچز کے فیصلوں پر عدم عملدرآمد کے باعث توہین عدالت کی کارروائی پر شوکاز کا سامنا کرنے والے کلکٹر اور ایڈیشنل کلکٹر نے سندھ ہائی کورٹ میں ایک نئی پٹیشن کے ذریعے حکم امتناعی حاصل کرلیا اور 3 فروری کو توہین عدالت کی کارروائی مزید آگے نہ بڑھ سکی۔ جبکہ سندھ ہائی کورٹ کسٹم اہلکاروں کی پٹیشن کی آئندہ سماعت 10 فروری کو کرے گا جس میں ان کسٹم افسران کے مستقبل کا فیصلہ ہوگا۔ واضح رہے کہ ایسا بہت کم ہوتا ہے کہ کسٹم اہلکاروں نے پٹیشن کے ذریعے کاروائی کو رکوایا ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# فن لینڈ کی بندرگاہوں پر 14 فروری سے مزدوروں کی ہڑتال کا خدشہ

## ہمارے مزدوروں کا اس ہڑتال سے کوئی تعلق نہیں ہے، تاہم پیپر سیکٹر متاثر ہوسکتا ہے، میٹسا بورڈ ملز کا اعلامیہ

کراچی (پیپر بزنس خصوصی رپورٹ) فن لینڈ میں پورٹ مزدور یونین نے اعلان کیا ہے کہ اگر ان کے مطالبات منظور نہ کئے گئے تو فن لینڈ کی تمام بندرگاہوں پر کام بند ہوسکتا ہے۔ یونین نمائندوں کا کہنا ہے کہ فی الحال حکام کے ساتھ ان کی بات چیت کا سلسلہ جاری ہے لیکن اگر یہ مذاکرات ناکام ہو جاتے ہیں تو بندرگاہوں پر کام کرنے والے تمام مزدور 14 فروری 2022 سے ہڑتال پر چلے جائیں گے۔ فن لینڈ کی پیپر ساز کمپنی میٹسا نے اعلان کیا ہے کہ اگر ایسا ہوا تو اس سے فن لینڈ سے پیپر کی تجارت متاثر ہو سکتی ہے کیونکہ فن لینڈ سے یومیہ ہزاروں ٹن پلپ اور پیپر بیرون ملک برآمد کیا جاتا ہے اور مال کی لوڈنگ اور ان لوڈنگ رک جانے سے تجارت کا پہیہ ٹھپ ہوسکتا ہے۔۔ میٹسا انتظامیہ کا کہنا ہے کہ پیپر سیکٹر کے مزدوروں کا اس ہڑتال سے کوئی تعلق نہیں ہے اور شعبے میں کام اپنے معمول کے مطابق جاری ہے تاہم اگر ہڑتال ہوئی تو اس سے برآمدی آرڈرز متاثر ہوسکتے ہیں اور صارفین کو بروقت مال کی فراہمی بھی متاثر ہوگی۔ پیپر ساز کمپنیوں نے اس صورتحال کو بھانپتے ہوئے متبادل انتظامات کرنے شروع کر دیئے ہیں تاہم اس سے بڑی محدود مقدار میں ہی مال برآمد کیا جاسکے گا اور بڑے آرڈرز کی ڈیلیوری میں مشکلات ہوں گی۔ فن لینڈ کے پیپر سیکٹر کا کہنا ہے کہ وہ اپنے صارفین کو اس سلسلے میں تازہ ترین صورتحال سے مطلع رکھیں گے۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ پورٹ مزدور اپنی تنخواہوں اور مراعات میں اضافے کا مطالبہ کر رہے ہیں جسے منظور کرنے میں متعلقہ انتظامیہ آنا کانا سے کام لے رہی ہے اور اگر یہی صورتحال جاری رہی تو ہڑتال یقینی ہوجائے گی جس کا لازمی اثر فن لینڈ کی برآمدی تجارت اور پیپر سیکٹر پر بھی پڑے گا۔

## ایف بی آر میں 16 ارب روپے کا اسکینڈل سامنے آ گیا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) موجودہ دور حکومت میں فیڈرل بورڈ آف ریونیو میں غیر قانونی ادائیگیوں کا سب سے بڑا اسکینڈل سامنے آ گیا۔ ایف بی آر حکام نے خلاف قانون 16 ارب روپے کا سیلز ٹیکس سیکڑوں بڑے ریٹیلرز کو ریفنڈ کیا۔ یہ ادائیگیاں پچھلے 5 ماہ کے دوران کی گئیں، حکومتی ذرائع اور ان غیر قانونی ادائیگیوں کے استفادہ کنندگان کی فہرست سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ ادائیگیاں ستمبر 2021ء سے جنوری 2022ء کے درمیانی عرصے میں کی گئیں۔ یہ ادائیگیاں اسی عرصے میں جاری کیے گئے سیلز ٹیکس ایکٹ اور سیلز ٹیکس جنرل آرڈرز (STGOs) کے خلاف تھیں۔ ذرائع کے مطابق ٹیکس حکام کم از کم 4 آرڈرز کو نافذ کرنے میں ناکام رہے جن میں ان بڑے ریٹیلرز کو 60 فیصد سیلز ٹیکس ریفنڈ نہ کرنے کا کہا گیا تھا جو پوائنٹ آف سیلز (POS) کے ذریعے سے ٹیکس سسٹم سے منسلک نہ ہوں۔ یہ موجودہ دور حکومت میں ایف بی آر میں سامنے آنے والا سب سے بڑا اسکینڈل ہے۔ یہ معاملہ وفاقی وزیر خزانہ شوکت ترین کے علم میں لایا جاچکا ہے اور وزیر خزانہ نے اس ضمن میں ایک کمیٹی بھی تشکیل دیدی ہے۔ ایف بی آر کے چیئرمین ڈاکٹر محمد اشفاق نے بتایا کہ معاملے کی تحقیقات کے لیے ایک کمیٹی قائم کردی گئی ہے جو اس بات کا تعین کرے گی کہ آیا ایف بی آر یا پاکستان ریونیو آٹومیشن لمیٹڈ (PRAL) کے افسران نے دانستہ طور پر ایسا کیا یا یہ محض ان کی غفلت تھی۔ واضح رہے کہ PRAL ایف بی آر کا ذیلی ادارہ ہے جو ڈیٹا بیس کو سنبھالتا ہے۔ چیئرمین ایف بی آر کے مطابق سسٹم نے خودکار طور پر نان انٹیگریٹڈ ٹائر ون ریٹیلرز کو ان پٹ ایڈجسٹمنٹ کا پتا لگایا اور اس بات کے سامنے آتے ہیں انھوں نے انکوائری کا حکم دے دیا۔ انھوں نے کہا کہ جو افسر بھی اس میں ملوث پایا گیا اس کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔

## ایف بی آر کا تمام فیلڈ دفاترز تا حکم ثانی ہفتے کے روز کھلے رکھنے کا اعلان

لاہور (نیوز ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے رواں مالی سال کے ٹیکس اہداف کے حصول کیلئے تمام فیلڈ دفاترز تا حکم ثانی ہفتے کے روز بھی کھلے رکھنے کا اعلان کر دیا۔ لارج ٹیکس پیئرز، میڈیم ٹیکس پیئرز، کارپوریٹ ٹیکس اور ریجنل ٹیکس آفسز کے ذمہ داران کو جاری مراسلے میں کہا گیا ہے کہ رواں مالی سال 2021-22 کے ٹیکس اہداف کے حصول کے لئے کوششیں مزید بڑھائی جائیں۔ اس تناظر میں تمام فیلڈ فارمیشنز 12 فروری بروز ہفتہ کے روز معمول کے اوقات کے مطابق تا حکم ثانی ہر ہفتے کھلیں رہیں گے۔ چیف کمشنرز ان لینڈ ریونیو سے کہا گیا ہے کہ کورونا ایس او پیز پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں۔

## پاکستان اور چین کے درمیان صنعتی تعاون کیلئے معاہدے پر دستخط

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) مشیر تجارت عبدالرزاق داؤد نے اپنے بیان میں بتایا کہ وزیراعظم کے دورہ چین کے ثمرات ملنا شروع ہوگئے ہیں، پاکستان اور چین کے درمیان کے صنعتی تعاون کیلئے فریم ورک معاہدے پر دستخط ہوگئے ہیں۔ مشیر تجارت کا کہنا تھا کہ فریم ورک معاہدہ سی پیک کے دوسرے مرحلے کیلئے بریک تھرو ہے، یہ معاہدہ بزنس ٹو بزنس تعاون اور صنعتوں کی منتقلی سے متعلق ہے، اس معاہدے کا بلواسطہ اور بلا واسطہ معیشت کو فائدہ ہوگا، سرمایہ کاری بورڈ کو اس اہم کامیابی پر مبارکباد دیتا ہوں۔

## ٹمبر مارکیٹ کے انتخابات کیخلاف تاجر اتحاد گروپ کا مظاہرہ

ملتان (نیوز ڈیسک) ٹمبر مارکیٹ کے انتخابات کیخلاف تاجر اتحاد ٹمبر مارکیٹ کا احتجاجی مظاہرہ الیکشن کمیشن نامنظور کے نعرے ووٹر لسٹ پر تحفظات کا اظہار کر دیا اس سلسلہ میں ٹمبر مارکیٹ میں صدر تاجر اتحاد ٹمبر مارکیٹ مغیث شہزادہ بھٹو کی قیادت میں احتجاجی مظاہرہ کیا گیا جس میں تاجروں نے الیکشن کمیشن اور ووٹر لسٹ نامنظور کے نعرے لگائے اور الیکشن کو کالعدم قرار دینے کا مطالبہ کیا مغیث شہزادہ بھٹو، رمضان سپاہی، ظفر اقبال اعوان، اظہر ببل، قاسم بھٹہ، یونس عطائی، ساجد ملنگی نے کہا کہ ٹمبر مارکیٹ کے انتخابات کیلئے الیکشن میں حصہ لینے والے گروپوں کا اعتماد میں نہیں لیا گیا نہ ہی ووٹر لسٹ پر تحفظات دور کئے گئے جس بناء پر تاجر اتحاد گروپ نے انتخابات کا بائیکاٹ کیا انہوں نے کہا کہ ہم ایسے انتخابات تسلیم نہیں کرتے جس کی الیکشن کمیٹی مارکیٹ کے باہر کے لوگوں پر مشتمل ہے جس کا کھلم کھلا اظہار کیا گیا۔

توجہ فرمائیے
پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور اشتہارات کی بکنگ کیلئے ابھی رابطہ کریں۔
0308-2933229



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر [illegible] مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

حصہ اول (پہلی قسط)

# پیپر و پیپر بورڈ کی جماعت بندی۔ بین الاقوامی معاہدوں کی روشنی میں

ترجمہ: علیم احمد

**پیپر و پیپر بورڈ کی مختلف اقسام، اس کے تجارتی قوانین اور عمومی تجارتی شرائط پر مبنی تکنیکی معلومات کا سلسلہ**

## مصنوعات کی جماعت بندی اور تجارتی قوانین

اس عنوان کے تحت ان بین الاقوامی کوششوں کا حالیہ جائزہ لیا جائے گا جو پلپ کاغذ اور بورڈ کے استعمال، تبادلے اور رسد کی نگرانی کے ضمن میں یکساں عملی اصولوں کے اطلاق پر مرکوز ہیں۔ متعلق بنیادی معلومات کو مندرجہ ذیل چار ذیلی عنوانات میں کیا گیا۔

### الف: جماعت بندی اور تعریفیں

جن کا عملی انداز میں تجزیہ کیا گیا ہے تاکہ قومی اور بین الاقوامی اعداد و شمار کا آپس میں موازنہ کر کے کسی زیر بحث موضوع کے لئے درست بنیادی معلومات حاصل کی جا سکیں۔ اس سلسلے میں بہت سے جاری منصوبوں کا جائزہ لیا گیا ہے اور ای ڈی بی (EDB) میں استعمال ہونے والی مصنوعات کی تفصیل پیش کی گئی ہے۔

### ب: کاغذ اور بورڈ کی فروخت کے لیے عموی تجارتی قوانین

جن پر نارڈک ممالک کے متعلقہ صنعت کاروں اور تاجروں کا اتفاق ہوا۔ یہ قوانین جو ۱۹۸۰ء سے اختیار کئے گئے اور خاص طور پر غیر ملکی تجارت کے لئے تسلیم کئے گئے، ان شرائط کی وضاحت کرتے ہیں جن کے تحت کوئی آرڈر قبول کیا جاتا ہے یا قابل قبول ہو سکتا ہے۔ پلپ کے بارے میں شرائط ۱۹۷۴ء میں شائع کی گئی تھیں۔

### ج: برٹش پیپر اینڈ بورڈ ٹریڈ کسٹمز ۱۹۷۴ء

یہ تجارتی قوانین کی ایک اچھی مثال ہے۔ جس میں کسی ملک کے پیپر اور بورڈ کے فراہم کنندگان و خریداران کی نمائندہ مجلسوں نے مسودہ قانون نہ صرف مشترکہ طور پر پیش کیا، بلکہ اسے متفقہ طور پر اختیار بھی کیا۔

### د: عمومی تجارتی شرائط

سی ای پی اے سی (C.P.A.C) نے تیار کیں۔ پیشہ ورانہ اور ماہرانہ کاوشوں کا یہ ثمر یورپین اکنامک کمیونٹی کے پانچ رکن ممالک میں اختیار کیا جا چکا ہے۔

### الف: جماعت بندی اور تعریفیں

جماعت بندی Classification کے متفقہ نظام کی موجودگی اور یکساں اطلاق کسی بھی صنعت میں قابل اعتماد معلومات کے حصول میں بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ پلپ اور کاغذ سازی ایک ایسی صنعت ہے جو نہ صرف تیزی سے ترقی کر رہی ہے بلکہ روز بروز

**نوٹ**

یہ آرٹیکل 1996 میں قسط وار شائع کیا گیا تھا جس کا حصہ اول قارئین کے لئے پیش خدمت ہے، تاریخیں مندرجہ ذیل ہیں۔
پہلی قسط: مورخہ 28 فروری تا 5 مارچ 1996، شمارہ نمبر 10/9
دوسری قسط: مورخہ 6 تا 12 مارچ، شمارہ نمبر 11
تیسری قسط: مورخہ 13 تا 19 مارچ، شمارہ نمبر 12
چوتھی قسط: مورخہ 20 تا 26 مارچ، شمارہ نمبر 13

اس کی اہمیت بھی بڑھتی جا رہی ہے۔ یہ صنعتی شعبہ دوسری عوامی نجی اور صنعتی نوعیت کی وسیع تر اقسام کے لئے مواصلاتی ذریعہ، پیکیجنگ اور تبدیلی مواد Converting and Material فراہم کرتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ دوسری بنیادی صنعتوں کی طرح یہ صنعت بھی درست اعداد و شمار کی تیاری میں ساختی اور انتظامی Structural Administrative مشکلات سے دو چار ہے۔ قومی سطح پر پیداوار، تجارت اور تصرف کے لئے جماعت بندی کے معیاری نظام کی وسعت کا تعین صنعتی ترقی اور تجارت کے متعلق حکومتی پالیسیوں کے ذریعے کیا جاتا ہے۔ مزید یہ بھی ممکن ہے کہ پلپ اور پیپر تیار کرنے والے اداروں کی قومی تنظیم بھی اتنی مضبوط نہ ہو کہ ان جماعت بندیوں پر اس رفتار سے نظر ثانی کر کے جو مصنوعات اور فنی ترقی کے لئے ضروری ہو۔ یورپی ممالک میں بھی ایسی تنظیموں کی رکنیت لازمی نہیں اور چھوٹے کارخانوں کے لئے یہ ضروری نہیں کہ وہ شماریاتی معلومات سے انہیں آگاہ کرتے رہیں۔ بین الاقوامی سطح پر صنعتی اشیاء اور خدمات کے تبادلے کے باہمی طور پر قابل قبول قوانین کا تسلسل، تجارت کرنے والی اقوام کی سیاسی خواہش پر ہوتا ہے تاکہ گفت و شنید کرنے والی غیر جانبدار کمیٹیاں تشکیل دی جائیں اور ان اداروں کے طے کردہ مسودہ قانون اور فیصلہ ساز عمل کو مسلسل بنانے کے لئے ہونے والے بین الاقوامی اجلاس صرف اس وقت ایک موثر قوت بن سکتے ہیں جب ان میں حصہ لینے والے ممالک اپنے ملکی و مقامی قوانین میں شامل کریں۔

### بین الاقوامی معاہدوں کے تحت ہونے والی جماعت بندی:

برسلز نومن کلچر (B.N) جو ۱۹۵۰ء میں طے پایا، تقریبا ۱۰۰۰ عنوانات کے تحت مصنوعات کی جماعت بندی کرتا ہے۔ دراصل یہ یورپی کسٹمز حکام کے درمیان قوانین کی ہم آہنگی کے لئے ہونے والی اولین کوشش کا نتیجہ تھا۔ تاہم اس کے باب ۴۷ اور ۴۸ جو کاغذ اور پلپ کے بارے میں تھے۔ مذکورہ مصنوعات میں تیز رفتار ترقی کی وجہ سے جلد ہی پرانے اور ناکارہ ہو گئے۔ اگرچہ بی این نظام اب بھی تقریبا ۱۵۰ ممالک میں استعمال ہو رہا ہے لیکن متبادلات میں کمی کی وجہ سے یہ اب تک متعدد بڑے ممالک نے اختیار نہیں کیا جیسے کہ امریکہ اور کینڈا وغیرہ۔ ۱۹۴۴ء میں گیٹ GATT معاہدہ طے پایا جو اقوام متحدہ کی ایجنسیوں میں ورلڈ بینک کے بعد دوسرا تھا۔ اس معاہدے کا مقصد بین الاقوامی تجارت کو فروغ دینا تھا اور اسے کاغذ اور پلپ کے برآمد کنندگان کی جانب سے بھی پذیرائی ملی۔ بعد ازاں محصولات میں کمی کے لئے ہونے والے گیٹ مذاکرات میں یہ معاہدہ ایسے منافع بخش اور بچت کی ضمانت فراہم کرنے والے کسی حتمی فارمولے پر نہیں پہنچ سکا۔ بی این جماعت بندی کے تحت گیٹ کی قراردادوں میں بھی (جو کاغذ اور بورڈ کے معیار کے بارے میں تھیں) طویل اور کثیر ملکی بحث کی گنجائش موجود تھی۔

۱۹۶۰ء میں او ای سی ڈی معاہدے (OECD Convention) پر دستخط ہوئے اور اس طرح صنعتی ممالک کے درمیان ترقی اور معاشی پالیسی کے لئے باہمی تعاون کا بنیادی ڈھانچہ تشکیل پایا۔ معاشی اور قومی آمدنی کے اظہاریوں Indicators کے متعلق اس کی ماہانہ مطبوعات کے اعلی معیار کی وجہ سے او ای سی ڈی کا سالانہ جائزہ Annual review ایک معیاری علامت بن چکا ہے۔ لہٰذا آسٹریلیا، جاپان اور نیوزی لینڈ بھی اس میں شرکت کے لئے تیار تھے۔ دوسری جانب او ای سی ڈی کی جانب سے جاری ہونے والے پلپ اور پیپر کے سہ ماہی اعداد و شمار کا سلسلہ منقطع ہو چکا ہے۔ غیر ملکی تجارت میں مجموعی درآمدات اور برآمدات کے درمیان فرق Gap کے قطع نظر جس کا انحصار حکومت کے فراہم کردہ اعداد و شمار پر ہوتا ہے، استعمال کنندگان کے لئے او ای سی ڈی کوڈنگ سسٹم کو سمجھنا بڑا دشوار رہا ہے۔ دراصل یہ کوڈنگ اقوام متحدہ کے شماریاتی ادارے کی تیار کردہ اسٹینڈرڈ انٹرنیشنل ٹریڈ کلاسیفکیشن SITC کی نظر ثانی شدہ شکل ہے۔ یہی مذکورہ کوڈ استعمال کرتے ہوئے اقوام متحدہ کے ادارہ خوراک و زراعت FAO نے کثیر لسانی مطبوع "دی ائیر بک آف فارسٹ پروڈکٹس" کا سلسلہ شروع کیا ہے۔ یہ سالانہ مطبوعہ دوسری مصنوعات کے ساتھ آٹھ اقسام کے پلپ اور تین مختلف نوعیت کے کاغذ (نیوز پرنٹ، رائٹنگ پرنٹنگ پیپر اور دیگر کاغذ اور بورڈ) کے بارے میں بھی معلومات فراہم کرتا ہے۔ پلپ اور کاغذ بنانے والوں کی مضبوط اور موثر ترین قومی انجمنوں کی شرکت سے ایف اے او کو متعدد عالمی منصوبوں پر کام کا موقع میسر آیا ہے۔ ان میں کاغذ اور پلپ کے عمومی سروے اور ویسٹ پیپر کے بین الاقوامی سروے کے علاوہ کاغذ اور پلپ کے بارے میں متوقع بین الاقوامی کیفیت کے متعلق اندازے بھی شامل ہیں۔ مالیاتی کمیشن برائے یورپ ECE جو اقوام متحدہ کی جنیوا میں ایک ایجنسی ہے جو جنگلات کے امور میں ایف اے او کی شراکت دار ہے۔

(جاری ہے)



یہ شمارہ 113 گرام نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا برانڈ پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

ANM

# A N M TRADING CO

*Importer : Paper & Paper Board*

## *Deals in:*

**OFFSET PRINTING PAPER I.P.M BRAND**

**Folio Sheets, Rolls & A-4,( U.A.E Origin)**

**COATED ART PAPER & ART CARD**

*1st Floor Bikiya Manzil Faiz Muhammad Fateh Ali Road Karachi-Pakistan*
*Phone: 021-32628604-32628495 / 0300-2127195 Email: sameed01@hotmail.com*



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# PAPERLINE

Our Quest Superiority has Made us Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE LINE OF PROFESSSIONALISM

## HI - GRADE PREMIUM PAPER

# A4

**21x29.7 cm**
**500 SHEETS**

# 80 GSM




BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012

IBM™
ISO 9001.2015 CERTIFIED

## FOR BOOKING CONTACT

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001.2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

A QUALITY PRODUCT BY
APP
WWW.ASIAPULPPAPER.COM
Produced By
PT.Indah Kiat Pulp & Paper Tbk





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725




# CARBONLESS PAPER

## NCR, CFB ,CB ,CF ,SC

Impressions Pindo 2000 is a prenium quality carbonless paper that gives excellent printing and the best intensity performence. Its quality, appearance and the performence are guaranteed to satisfy even the most demanding end user

**For booking please contact**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road
Karachi-74000
UAN: 111-IBM-PAK I Tel: +92-21-32627061-63 I Fax: +92-21-32629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award ITS ALL ABOUT CHAMPION
Brands of the year Award 2011-2012




Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# مقامی ڈپلیکس بورڈ اور آفسیٹ پیپر، بلیچ بورڈ، آرٹ پیپر اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں اضافہ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے تیزی دیکھی گئی اور 9 فروری 2022 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں بلیچ بورڈ چیمنگ میں 4 روپے فی کلو، نیو یا آرٹ پیپر گلوس میں 3 تا 5 روپے فی کلو، نیو یا میٹ میں 3 روپے فی کلو، مقامی ڈپلیکس بورڈ لا ثانی میں 2 روپے فی کلو، ونر نیچرل بیک میں 5 روپے فی کلو، ونر براؤن بیک میں 4 روپے فی کلو، میگا ٹاپ میں 2 روپے فی کلو، شاہین نیچرل بیک میں 5 روپے فی کلو، مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار میں 2 تا 6 روپے فی کلو، فلائنگ میں 9 روپے فی کلو، کراؤن پیپر میں 8 روپے فی کلو، چناب میں 5 روپے فی کلو اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ اسٹیکر پیپر یونگی چائنا میں 50 روپے فی پیکٹ کمی دیکھنے میں آئی۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو ردو بدل ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال یہ ہے کہ نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا تمام سائز 80 گرام 290 روپے سے بڑھ کر 295 روپے، تمام سائز 150 گرام، 290 روپے سے بڑھ کر 293 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیو یا آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 80۔ 90۔ 100۔ 105۔ 113۔ 128 اور 150 گرام، 290 روپے سے بڑھ کر 293 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ لا ثانی نیچرل تمام سائز تمام گرام، 117 روپے سے بڑھ کر 119 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ ونر نیچرل بیک تمام سائز 250، 300 اور 350 گرام، 120 روپے سے بڑھ کر 125 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ ونر براؤن بیک تمام سائز تمام گرام، 115 روپے سے بڑھ کر 119 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ میگا ٹاپ تمام سائز تمام گرام، 106 روپے سے بڑھ کر 108 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ شاہین نیچرل بیک تمام سائز 250 اور 300 گرام، 103 روپے سے بڑھ کر 108 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بلیچ بورڈ چیمنگ تمام سائز تمام گرام 296 روپے سے بڑھ کر 300 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار اینڈ لیول اپ، تمام سائز 52 گرام، 132 روپے سے بڑھ کر 134 روپے، تمام سائز 53 گرام، 136 روپے سے بڑھ کر 140 روپے، تمام سائز 60 گرام، 136 روپے سے بڑھ کر 140 روپے، تمام سائز 63 گرام، 142 روپے سے بڑھ کر 146 روپے، تمام سائز 68 گرام، 136 روپے سے بڑھ کر 140 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر فلائنگ تمام سائز 63 گرام، 154 روپے سے بڑھ کر 163 روپے، تمام سائز 68 گرام، 153 روپے سے بڑھ کر 162 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر کراؤن تمام سائز 63 گرام، 155 روپے سے بڑھ کر 163 روپے، تمام سائز 68 گرام، 154 روپے سے بڑھ کر 162 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر چناب تمام سائز 53 گرام، 135 روپے سے بڑھ کر 140 روپے، تمام سائز 60 گرام، 140 روپے سے بڑھ کر 145 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا، پی پی سی براؤن 70 گرام، 640 روپے سے بڑھ کر 660 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پی پی سی F4B۔ 70 گرام، 735 روپے سے بڑھ کر 760 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام، 635 روپے سے بڑھ کر 665 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 80 گرام، 740 روپے سے بڑھ کر 760 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام، 645 روپے سے بڑھ کر 670 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4B-13۔ 70 گرام، 740 روپے سے بڑھ کر 780 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4A۔13 .5۔70 گرام، 755 روپے سے بڑھ کر 800 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی 70 گرام، A3 سائز 1320 روپے سے بڑھ کر 1350 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 70 گرام، 620 روپے سے بڑھ کر 640 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پیپر لائن 70 گرام، 610 روپے سے بڑھ کر 615 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ BMO۔70 گرام، 620 روپے سے بڑھ کر 630 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ رپورٹ برازیل 80 گرام، 660 روپے سے بڑھ کر 725 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ میرم دبئی 70 گرام، A4 سائز 615 روپے سے بڑھ کر 640 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ کاپی پیپر دبئی 70 گرام، A4 سائز 625 روپے سے بڑھ کر 645 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ سیلیکٹ ون آسٹریلیا 80 گرام، 700 روپے سے بڑھ کر 730 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیپلز آسٹریلیا 75 گرام، A4 سائز 610 روپے سے بڑھ کر 620 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر یونگی چائنا 20x30 سائز، 2750 روپے سے کم ہو کر 2700 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

# مقامی کرنسی مارکیٹوں میں روپے کے مقابلے ڈالر کی قدر میں کمی کا رجحان

کراچی (بزنس ڈیسک) انٹر بینک اور مقامی اوپن کرنسی مارکیٹ میں منگل 8 فروری 2022 کو روپے کے مقابلے ڈالر کی قدر میں کمی کا رجحان رہا۔ فاریکس ایسوسی ایشن آف پاکستان کی رپورٹ کے مطابق منگل 8 فروری کو انٹر بینک میں روپے کے مقابلے ڈالر کی قدر میں 5 پیسے کی کمی واقع ہوئی جس سے ڈالر کی قیمت خرید 174.50 روپے سے کم ہو کر 174.40 روپے اور قیمت فروخت 174.65 روپے سے کم ہو کر 174.60 روپے ہوگئی اسی طرح مقامی اوپن کرنسی مارکیٹ میں 20 پیسے کی کمی سے ڈالر کی قیمت خرید 175.70 روپے سے کم ہو کر 175.50 روپے اور قیمت فروخت 176.20 روپے سے کم ہو کر 176 روپے ہوگئی۔ فاریکس رپورٹ کے مطابق یورو کی قیمت خرید 199 روپے اور قیمت فروخت 201 روپے پر بدستور برقرار رہی تاہم 50 پیسے کے اضافے سے برطانوی پونڈ کی قیمت خرید 235 روپے سے بڑھ کر 236 روپے جبکہ قیمت خرید 238 روپے سے بڑھ کر 238.50 روپے ہوگئی۔

# پاکستان میں بیوروکریسی کی نااہلی سرمایہ کاری میں بڑی رکاوٹ، آئی ایم ایف

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) عالمی مالیاتی فنڈ نے پاکستان میں بیوروکریسی کی نااہلی کو کاروبار اور سرمایہ کاری کی راہ میں رکاوٹ کی بڑی وجہ قرار دیدیا۔ آئی ایم ایف نے ریگولیشنز کی بہتات سے کرپشن کے خطرات میں اضافے کے خدشات بھی ظاہر کئے ہیں۔ پاکستان کی کنٹری رپورٹ میں آئی ایم ایف کا کہنا ہے کہ ریگولیشنز کی بہتات اور کمزور ٹیکس سسٹم ٹیکس ادائیگیوں میں رکاوٹ ہے، رپورٹ کے مطابق سرحد پار تجارت اور پراپرٹی کی رجسٹریشن میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اس سے کرپشن کے خطرات میں اضافہ ہوتا ہے جبکہ ملازمت کے مواقع اور سرمایہ کاری متاثر ہوتی ہے، آئی ایم ایف نے ٹیکس ادائیگی کا عمل آسان، کاروباری ماحول بہتر کرنے کیلئے اقدامات، قانونی اور ریگولیٹری اصلاحات، کاروبار شروع کرنے کا عمل سہل اور غیر ضروری ریگولیشنز ختم کرنے کا مطالبہ کیا ہے، آئی ایم ایف نے سرحد پار تجارت کے عمل کو بہتر کرنے، کسٹمز سے متعلق پروسسنگ ٹائم اور امپورٹ ایکسپورٹ دستاویزات کی تیاری میں کم وقت لگانے پر زور دیا ہے۔

پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بنئے اور سیمپل کاپی کیلئے ابھی رابطہ کریں۔
021-32632362,0308-2933229



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# بینک اکاؤنٹ نمبر کے بجائے موبائل نمبر سے بھی رقوم کی منتقلی کی نئی سہولت

کراچی (بزنس ڈیسک) بینک صارفین کے لیے اچھی خبر ہے کہ اب انہیں لمبا چوڑا اکاؤنٹ نمبر یاد رکھنے کی ضرورت نہ پڑے گی۔صارفین کو تفصیلات کی جھنجھٹ سے چھٹکارا بھی مل گیا اب رقم بھیجنے اور منگوانے کے لیے صارف کا موبائل نمبر ہی کافی ہوگا۔اسٹیٹ بینک نے ڈیجیٹل ادائیگی کے نظام ''راست'' میں نئی سہولت متعارف کرادی ہے۔اپنے موبائل فون نمبر کو بینک اکاؤنٹ کے ساتھ لنک کر کے رقم بھیجیں اور منگوائیں،موبائل نمبر آپ کی ''راست'' شناخت ہے۔ایک فرد سے دوسرے فرد کو رقم کی منتقلی صرف بیس سیکنڈ میں ہو سکے گی۔کوئی چارجز بھی نہیں دینے ہوں گے اس سہولت کی فراہمی کیلئے بینکوں کو ہدایات جاری کردی گئیں۔صارفین موبائل ایپ،انٹرنیٹ بینکنگ یا بینک برانچ جا کر اپنے رجسٹرڈ موبائل نمبر کو ''راست'' آئی ڈی بنا سکیں گے اور اسے اپنے آئی بی اے این سے منسلک کر سکیں گے۔ بینک صارف کو ایک وقت میں دو لاکھ روپے تک رقم منتقل کرنے کی سہولت دے سکتے ہیں۔

# کرپٹو کرنسی کاروبار:ایک سال میں پاکستانیوں کو 20 ارب روپے کا نقصان

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کے اجلاس کے دوران کہا گیا ہے کہ ایک سال کے دوران کرپٹو کرنسی کے کاروبار میں پاکستانیوں کو 20 ارب روپے کا نقصان ہوا ۔پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں چیئرمین فیض اللہ کموکا کی سربراہی میں قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کا اجلاس ہوا۔اجلاس کے دوران ایم کیو ایم کے اسامہ قادری نے کرپٹو کرنسی کے حوالے سے توجہ دلاو نوٹس پر کہا کہ دنیا کے 75 سے زیادہ ممالک میں ڈیجیٹل کرنسی سے خرید و فروخت کے لئے مشینیں قائم کی گئی ہیں۔اسامہ قادری نے کہا کہ بھارت میں کرپٹو کرنسی کے چار ایکسچینجز موجود ہیں، اگر ڈیجیٹل کرنسی سے دنیا بھر میں فائدہ اٹھایا جا رہا ہے تو ہم کیوں نہیں کر سکتے ؟۔ایم کیو ایم کے رکن اسمبلی نے کہا کہ ملک میں کرپٹو کرنسی بلاک چین کے ماہر موجود ہیں ان سے فائدہ اٹھانا چاہیے لیکن حکومت نے وجہ بتائے بغیر کرپٹو کرنسی پر پابندی لگادی۔اجلاس کے دوران تحریک انصاف کے کیپٹن ریٹائرڈ جمیل احمد خان نے کہا کہ پاکستان میں 30 ہزار افراد کرپٹو کرنسی کا کاروبار کر رہے ہیں، ملک میں اس وقت کرپٹو کرنسی کا 20 ارب ڈالر کا کاروبار ہو رہا ہے۔جمیل احمد خان نے کہا کہ بہت سے لوگوں نے اس کاروبار کو سمجھے بغیر سرمایہ کاری کی اور نقصان اٹھایا، ایک سال میں اس کاروبار میں لوگوں کو 20 ارب روپے کا نقصان ہوا۔اسٹیٹ بینک کے حکام نے کمیٹی کو بتایا کہ دنیا بھر میں صرف ایل سلواڈور اور کیوبا میں کرپٹو کرنسی کو قانونی حیثیت حاصل ہے، پاکستان میں صرف پاکستانی روپیہ قانونی حیثیت رکھتا ہے کرپٹو کرنسی نہیں، اسٹیٹ بینک نے اس حوالے سے 2018 میں وارننگ جاری کی تھی۔کمیٹی نے کرپٹو کرنسی معاملے پر ماہرین کو رائے کے لئے آئندہ اجلاس میں طلب کر لیا۔

# حیدرآباد: کمشنر سے چیمبر آف اسمال ٹریڈرز اینڈ اسمال انڈسٹریز کے وفد کی ملاقات

حیدرآباد (نیوز ڈیسک) کمشنر حیدرآباد ندیم الرحمن میمن سے حیدرآباد چیمبر آف اسمال ٹریڈرز اینڈ اسمال انڈسٹریز کے ایک وفد نے ملاقات کی، وفد میں چیمبر کے صدر الطاف میمن ،نائب صدر مسرور اقبال،سابق صدر سلیم الدین قریشی ، اکرم انصاری، بگھت رام اور سہیل میمن شامل تھے، وفد نے ندیم الرحمن میمن کو کمشنر حیدرآباد کے عہدے پر فائز ہونے کی مبارکباد دی اور اس امید کا اظہار کیا کہ تاجروں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کئے جائیں گے، کمشنر نے کہا کہ ہم سرکاری ملازم ہیں اور ہمیں اپنا کام نیک نیتی اور احسن طریقے سے انجام دینا ہے جس طرح یہ آپ کا شہر ہے یہ میرا بھی شہر ہے اس کی ترقی کے لیے مل کر کام کریں گے، اس موقع پر نیو سبزی منڈی ہالا ناکہ کے نکاسی اور سیکیورٹی کے مسائل بھی زیر بحث آئے جس پر کمشنر نے ڈپٹی ڈائریکٹر پلاننگ اینڈ ڈولپمنٹ ثنا اللہ رند کو ہدایت کی کہ وہ اس سلسلے میں موجودہ اے ڈی پی اور دستیاب فنڈز کا ریکارڈ چیک کریں اگر اس اے ڈی پی میں یہ فنڈز دستیاب نہیں ہیں تو انہیں آئندہ اے ڈی پی میں ضرور شامل کیا جائے۔

# عمرہ ویزے پر جانے والوں کیلئے نئی ہدایت جاری

مکتہ المکرمہ (انٹرنیشنل نیوز ڈیسک) سعودی وزارت حج و عمرہ نے عمرہ ویزے پر سعودی عرب آنے والوں کے لیے نئی ہدایت جاری کی ہے۔وزارت نے کہا ہے کہ 'جو لوگ عمرہ ویزے پر سعودی عرب آرہے ہیں ان کے لیے ضروری ہے کہ سفر سے 48 گھنٹہ پہلے پی سی آر ٹیسٹ کروائیں'۔'یہ شرط سعودی عرب میں داخلے کے لیے ضروری ہے خواہ آنے والے مسافر نے کورونا ویکسین کی خوراکیں مکمل کیوں نہ کر رکھی ہوں'۔وزارت نے کہا ہے کہ 'اس ہدایت پر بروز بدھ 9 فروری 2022 رات ایک بجے سے عمل شروع ہوگا۔

## افغان درآمدات کیلئے الیکٹرانک امپورٹ فارم کی شرط تاحکم ثانی ختم

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) وزیراعظم عمران کی ہدایات پر کسٹم حکام نے افغان درآمدات کیلئے سٹیٹ بینک کی الیکٹرانک امپورٹ فارم (ای آئی ایف) کی شرط تاحکم ثانی ختم کر دی،آئی ایف فارم کی عدم دستیابی کے باعث طورخم سرحد کی دونوں اطراف دس ہزار سے زائد کارگو گاڑیاں پھنس گئی تھی تاہم ای آئی ایف فارم کی شرط ختم ہونے کے باعث طورخم سرحدی گزرگاہ کے دونوں اطراف پھنسی 10 ہزار سے زائد درآمدی اشیاء کی گاڑیوں کی کلیئرنس شروع کردی گئی ہے۔


CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# فیڈریشن کے ریکارڈ کی تحقیقات اور جانچ پڑتال کی رپورٹ ڈی جی ٹی او کو پیش کرنے کیلئے کمیٹی تشکیل

کراچی (نیوز ڈیسک) ایف پی سی سی آئی کی ایگزیکٹو کمیٹی برائے سال 2022 کے ممبر ملک سہیل حسین کی شکایات پر ایف پی سی سی آئی کے ریکارڈ کی تحقیقات اور جانچ پڑتال کے بعد ریگولیٹر کو رپورٹ پیش کرنے کے لیے ڈی جی ٹی او نے ایک کمیٹی تشکیل دی ہے۔ جس کے چیئرمین ڈائریکٹر ڈی جی ٹی او عارف اللہ ہوں گے جبکہ ممبران میں ڈپٹی ڈائریکٹر سلمان جمیل ہوں گے۔ کمیٹی اس بات کا تعین کرے گی کہ کیا ایف پی سی سی آئی کیم جنوری 2022 سے شکایت کی پیروی کے لیے اپنے روزمرہ کے معاملات قانونی طریقے سے انجام دے رہی ہے یا نہیں۔ ڈی جی ٹی او نے ایف پی سی سی آئی کے سیکریٹری جنرل کو یہ ہدایات بھی کی ہے کہ وہ ٹریڈ آرگنائزیشن ایکٹ 2013 اور ٹریڈ آرگنائزیشن رولز 2013 پر پابندی کے ساتھ معزز عدالتوں کے احکام کے تحت الیکشن اور روٹین کے معاملات پر عمل کریں۔ ڈی جی ٹی او کو لکھے گئے خط میں ملک سہیل یہ شکایت کر چکے ہیں کہ ایف پی سی سی آئی کے الیکشن 2022 قانونی چارہ جوئی کے تحت ہوئے ہیں اور معزز عدالت کی جانب سے الیکشن کے نتائج کا حکم امتناع موجود ہے لہذا ایف پی سی سی آئی کی جانب سے جو بھی فیصلہ کیا جائے گا وہ توہین عدالت کے زمرے میں آئے گا۔ شکایت کنندہ ملک سہیل نے ایف پی سی سی آئی کے سیکریٹری جنرل کی جانب سے 17 جنوری 2022 کو جاری کیے گئے 2 لیٹر ایف پی سی سی آئی 65th AGM.2021/2022 اور ایف پی سی سی آئی۔ ایڈمن 2021-2022 بھی بھیجے ہیں جو کہ ٹی او آر 2013 اور ایف پی سی سی آئی کے آرٹیکل آف ایسوسی کی سراسر خلاف ورزی ہے۔ شکایت کنندہ نے اپنے لیٹر میں کہا کہ رولز، آرٹیکل، ایکٹ میں کوئی ایسی شق موجود نہیں جو ایف پی سی سی آئی کی جنرل باڈی کو کسی بھی حالت میں عہدیداروں کی مدت ملازمت میں توسیع کا اختیار دیتی ہو۔ شکایت کنندہ نے اپنے لیٹر میں بتایا کہ متعلقہ کلاز (a) ٹی اے 2013 کا سب سیکشن 11 کے مطابق ایف پی سی سی آئی کی ایگزیکٹو کمیٹی کی مدت ایک سال ہوگی۔ جبکہ ٹی اے کے رول 20 سب رول (10) اور (11) کے مطابق ایف پی سی سی آئی کے عہدیداروں اور ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبران کی مدت ایک سال ہوگی اور مدت پوری ہونے یا کسی وجہ سے ریٹائر ہونے کی صورت میں ایک سال تک الیکشن لڑنے کے اہل نہیں ہوں گے اور نہ ہی ایک سال تک نمائندہ حیثیت میں تعاون کے اہل ہوں گے۔ شکایت کنندہ نے کہا کہ ایف پی سی سی آئی کے معاملے میں مندرجہ بالا قوانین کے مطابق سال 2021 کے سابق عہدیداران اور پوری ایگزیکٹو کمیٹی کی سال 2022 کے لیے ایف پی سی سی آئی میں کوئی قانونی حیثیت نہیں ہے، لہذا ان کی جانب سے کیے گئے تمام فیصلے غیر قانونی، من مانے، دائرہ اختیار کے بغیر اور غیر قانونی ہیں جو عدالت میں چیلنج کیے جا سکتے ہیں۔ انھوں نے ڈی جی ٹی او سے اپیل کی ہے کہ وہ ٹی اے 2013 کے سب آرٹیکل 13,14,15,16 کے تحت دئے گئے اختیارات کا استعمال کریں۔ ڈی جی ٹی او کے احکام میں مزید کہا گیا ہے کہ ایف پی سی سی آئی نے ٹی اے 2013 کے قانون کی خلاف ورزی کی ہے جو کہ قانون ساز سپریم ادارے پارلیمنٹ کا قانون ہے۔ معزز سندھ ہائی کورٹ کے حکم کے مطابق ایف پی سی سی آئی کے انتخابی نتائج کو روک دیا گیا ہے۔ معزز عدالت کے حکم سے ڈی جی ٹی او کی جانب سے سیکریٹری جنرل ایف پی سی سی آئی کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ معزز عدالت کے حکم کی پاسداری کریں۔ ڈی جی ٹی او کے احکام میں یہ بھی لکھا گیا ہے کہ پاکستان کی مختلف عدالتوں کے احکام پر کچھ ووٹ سیل بند لفافے میں رکھے گئے ہیں۔ ایف پی سی سی آئی کو ہدایت کی گئی ہے کہ ریگولیٹر کو مزکورہ ووٹ سے متعلق رپورٹ دی جائے۔ مذکورہ ووٹوں کی قسمت کا فیصلہ صرف معزز عدالتوں کے احکام کے مطابق ہونا ہے۔ ایف پی سی سی آئی کے الیکشن کمیشن کو ڈی جی ٹی او کو غیر سرکاری نتائج کے اسٹیٹس سے آگاہ کرنا ہے ساتھ ہی مدمقابل امیدواروں کے حق میں ڈالے گئے ووٹوں کی تفصیلات، سیل شدہ ووٹوں کی تعداد اور ان کی قانونی حیثیت سے بھی آگاہ کرنا ہے۔ معزز سندھ ہائی کورٹ نے ایف پی سی سی آئی الیکشن 2022 کی سماعت آج ملتوی کردی ہے۔ ڈی جی ٹی او کی کمیٹی نے اپنا پہلا اجلاس 8 جنوری 2022 کو ڈی جی ٹی او آفس اسلام آباد میں منعقد کیا جس میں انھوں نے ایف پی سی سی آئی کے سابق عہدیداروں اور سیکریٹری جنرل کو بلا کر ان سے کیم جنوری 2022 کے بعد کی سرگرمیوں کی تفصیلات بمع ریکارڈ طلب کی ہیں۔

# ایف بی آر میں من پسند اہلکاروں کو نوازنے پر تاجروں کا اظہار تشویش

لاہور (نیوز ڈیسک) ایف بی آر میں من پسند اہلکاروں کو آنریریم، اور ریوارڈز کے نام پر اربوں روپے دینے پر تاجر برادری نے غم وغصے کا اظہار کرتے ہوئے ایف بی آر کی تنظیم نو کا مطالبہ کیا ہے۔ مقامی اخبار سے گفتگو کرتے ہوئے آل پاکستان انجمن تاجران کے تمام دھڑوں کے سربراہوں خالد پرویز، اشرف بھٹی اور نعیم میر نے کہا کہ وزیراعظم عمران خان سے اپیل ہے کہ وہ ایف بی آر افسران کو نکیل ڈالیں۔ ہم تاجر ایف بی آر کے افسران کے ملازم نہیں جو ان کو حساب کتاب دیتے پھریں۔ وزیراعظم آج ایف بی آر کو نکیل ڈالیں، لوگ لائنوں میں لگ کر ٹیکس دیں گے۔ فکس ٹیکس کے بارے میں ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ فکس ٹیکس کا نظام بہترین ہے۔ وزیراعظم عمران خان ہم تاجر برادری سے اگر ڈائریکٹ بات کریں تو ہم ہدف سے زیادہ ٹیکس اکٹھا کر کے دے سکتے ہیں۔ کاغذ کی قیمتوں کے بارے میں ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ کاغذ کی قیمتوں میں اضافے سے کتابوں اور کاپیوں کی قیمتوں میں 40 فیصد اضافہ ہو چکا ہے جس سے ہماری سیل 20 فیصد رہ گئی ہے تعلیم مہنگی سے مہنگی ہوتی جا رہی ہے کتابوں اور کاپیوں کی قیمتیں عام آدمی کی پہنچ سے باہر ہو چکی ہے۔ کاغذ بنانے والی فیکٹریوں پر حکومت کی کوئی گرفت نہیں وہ آئے کاغذ کی قیمتوں میں من مانا اضافہ کر دیتے ہیں۔

# رحمان عزیز وفاقی ٹیکس محتسب کی جانب سے اعزازی بزنس کوآرڈینیٹر نامزد

لاہور (نیوز ڈیسک) لاہور چیمبر کے سینئر نائب صدر میاں رحمان عزیز چن کو وفاقی ٹیکس محتسب کی جانب سے اعزازی بزنس کوآرڈینیٹر نامزد کر دیا گیا۔ یہ پہلی مرتبہ ہے کہ وفاقی ٹیکس محتسب کے آفس سے ٹریڈ باڈیز کے نمائندے کو فیصلہ سازی میں شامل کیا گیا ہے۔ لاہور چیمبر کے سینئر نائب صدر میاں رحمان عزیز چن ایف پی سی سی آئی کے سابق نائب صدر ہیں۔ اس موقع پر میاں رحمان عزیز چن نے کہا کہ وفاقی ٹیکس محتسب کے فیصلے سے ٹیکس دہندگان کو فائدہ ہوگا۔ ان کے مسائل حل ہو جائیں گے اور جبر، تاجروں کو ہراساں کرنے، کاروباری افراد کو نشانہ بنانے اور صوابدید پر عمل کرنے کے عمل کو مؤثر طریقے سے کم کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس نامزدگی سے ٹیکس دہندگان کی وفاقی ٹیکس محتسب تک رسائی بہتر اور موثر ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ یہ کاروباری سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ ملک کے کاروباری ماحول کے لیے بھی فائدہ مند ہوگا۔ میاں رحمٰن عزیز چن نے کہا کہ ایف ٹی او کا قیام کسی بھی شخص کی بدعنوانی یا ٹیکس ملازمین کی بدانتظامی سے پیدا ہونے والی شکایات کا فوری اور مفت ازالہ فراہم کرنے کے لیے کیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس دہندگان جو من مانی اور امتیازی رویے، تاخیر، نااہلی، بار بار نوٹس، غیر ضروری کالز اور طویل سماعتوں کا سامنا کر رہے ہیں انہیں اب ریلیف ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس وصولی کے غیر قانونی طریقوں سے متعلق معاملات کو بھی حل کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس حکام کی جانب سے پریشان ٹیکس دہندگان کو بھی ریلیف ملے گا۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# کاروباری مواقع
# TENDERS

## نیشنل بک فاؤنڈیشن کا پیپر و کارڈ کا ٹینڈر
ٹینڈر حوالہ نمبر:911HPH-70(38)2022
لوکل پیپر اور بلیچ کارڈ امپورٹڈ
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:21فروری2022ء
برائے رابطہ: بریل کمپلیکس بلڈنگ،
نزد پی ٹی وی اسٹیشن، اسٹیڈیم روڈ، کراچی۔
فون:021-99231762-1089
برائے رابطہ:45-C، سوک سینٹر،
نزد ٹیلی فون ایکسچینج مصطفیٰ ٹاؤن، لاہور۔
فون:042-99260012
برائے رابطہ:6- ماؤ ایریا،G-8/4، اسلام آباد۔
فون:051-9261036-9261533

## کنگ ایڈورڈ یونیورسٹی کا اسٹیشنری کا ٹینڈر
ٹینڈر حوالہ نمبر:26-22
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:18فروری2022ء
برائے رابطہ: پرچیز سیکشن آفس، لاہور۔

